عائلی تشدّد کے خلاف انٹروینشن آرڈر کی ہیئرنگ (سماعت) کے لیے عدالت میں جانا

اگر آپ فوری خطرے میں ہوں تو 000 پر کال کریں۔

اگر آپ فوری خطرے میں نہ ہوں لیکن خود کو غیر محفوظ محسوس کرتی ہوں تو The Orange Door سے رابطہ کریں: orangedoor.vic.gov.au

عدالت میں جانے سے پہلے

عدالت میں جانا ایک قانونی عمل ہے لہذا اس سے پہلے قانونی مشورہ حاصل کر لینا اچھا ہو گا۔

Victoria Legal Aid اہل افراد کو مفت قانونی مشورے کی سروس فراہم کرتی ہے۔ فون 1300 792 387

عدالت میں جانے سے پہلے آپ کو یہ بھی چاہیے کہ آپ:

- عدالت کو بتائیں کہ کیا آپ کو عدالتی ہیئرنگ کے دن ڈیوٹی لائر (لیگل سروس کے وکیل) کی مدد کی ضرورت ہو گی
- عدالت کو بتائیں کہ کیا آپ کو انٹرپریٹر (زبانی مترجم) کی ضرورت ہے
- اگر آپ خود حاضر نہ ہو سکتی ہوں تو عدالت سے فون یا وڈیو کانفرنس کے ذریعے حاضری کے انتظام کی درخواست کریں
- ہیئرنگ میں اپنی حاضری بالکل ممکن نہ ہونے کی صورت میں عدالت کو بتائیں
- ہیئرنگ کے موقع پر اپنی حفاظت کے متعلق فکر ہونے پر عدالت کو بتائیں۔ اگر آپ خود کو محفوظ محسوس نہ کرتی ہوں تو عدالت آپ کے لیے ایک خاص جگہ پر انتظار کا انتظام کر سکتی ہے۔ عدالت آپ کے ساتھ کمرۂ عدالت میں موجود سیکیورٹی کا انتظام بھی کر سکتی ہے۔ کچھ عدالتوں میں آپ کے لیے وڈیو لنک کے ذریعے بیان دینا ممکن ہوتا ہے یعنی آپ کا کمرۂ عدالت میں موجود ہونا ضروری نہیں۔ اس کا انتظام پہلے سے کرنا پڑتا ہے۔

وکٹوریہ کی عدالتوں کے پتے اور رابطہ تفصیلات مجسٹریٹس کورٹ آف وکٹوریہ کی ویب سائیٹ پر موجود ہیں: mcv.vic.gov.au/going-court/find-court

ہیئرنگ والے دن

پورا دن اس کام کے لیے رکھیں۔ ممکن ہے آپ کے کیس کی ہیئرنگ فوراً نہ ہو اور چند گھنٹے انتظار کے بعد ہی آپ کا کیس پیش ہو۔

مجسٹریٹس کورٹ میں بچوں کی نگہداشت کا انتظام نہیں ہے لہذا اگر آپ کے بچے ہیں تو ان کی دیکھ بھال کے لیے کسی اور شخص کا انتظام کرنے کی کوشش کریں۔ اگر آپ فون یا وڈیو کانفرنس کے ذریعے عدالت میں پیش ہوں تو براہ مہربانی یہ یقینی بنائیں کہ عدالت میں حاضری کے وقت اور/یا ڈیوٹی لائر سے بات کرتے ہوئے کمرے میں آپ کے ساتھ کوئی بچہ نہ ہو۔

یہ پلان بنائیں کہ آپ عدالت تک کیسے پہنچیں گی۔ عدالتوں کے قریب پارکنگ مہنگی ہو سکتی ہے آپ کا پبلک ٹرانسپورٹ استعمال کرنا یا کسی کا آپ کو ڈراپ کر دینا بہتر ہو سکتا ہے۔

حاضری کے لیے بتائے گئے وقت سے کم از کم 30 منٹ پہلے پہنچنے کی کوشش کریں۔

عدالتوں کو محفوظ رکھنے کی خاطر سب لوگوں کو سیکیورٹی سکریننگ سے گزرنا پڑتا ہے۔ اس کا مقصد لوگوں کو عدالتوں میں خطرناک چیزیں لانے سے روکنا ہے۔

سیکیورٹی سکریننگ کے فوراً بعد کورٹ کے کاؤنٹر پر جائیں - جسے رجسٹری کہا جاتا ہے - اور رجسٹری کے عملے کو اپنی آمد کے متعلق بتائیں۔

رجسٹری کا عملہ آپ کو معلومات دے گا جن میں یہ معلومات شامل ہیں:

- آپ درست کمرۂ عدالت کا راستہ کیسے تلاش کریں گی
- آپ ڈیوٹی لائر سمیت دوسری عدالتی خدمات کہاں سے لیں گی

اگر آپ عدالت میں خود کو غیرمحفوظ سمجھتی ہوں تو کسی سیکیورٹی گارڈ یا رجسٹری کے عملے سے بات کریں۔

Womens Legal Service Victoria PO Box 13311 Law Courts VIC 8010
فون 03 8622 0600 | ای میل admin@womenslegal.org.au | womenslegal.org.au

عدالت میں ساتھ لانے کی چیزیں

- آپ کی عدالتی ہیئرنگ سے تعلق رکھنے والے کاغذات
- آپ یا آپ کے بچوں کے سلسلے میں دوسری عدالتوں کے جاری کردہ کورٹ آرڈرز
- کھانے پینے کی چیزیں، عدالتوں کے آس پاس کھانا اور مشروبات اکثر مہنگے ہوتے ہیں
- فون چارجر
- پانی کی بوتل (شیشے کی بوتل نہ ہو)
- ہیئرنگ کے انتظار کے دوران وقت گزاری کے لیے کتاب یا کوئی اور چیز

براہ مہربانی کمرۂ عدالت میں داخل ہوتے اور نکلتے ہوئے احترام ظاہر کرنے کے لیے مجسٹریٹ کے سامنے سر جھکائیں۔

کمرۂ عدالت میں موجودگی کے دوران**یہ نہ کریں**:

- کھانا، پینا یا چیونگ گم چبانا
- ٹوپی یا دھوپ کا چشمہ پہننا یا دھوپ کے چشمے کو سر پر لگانا

براہ مہربانی یہ یقینی بنائیں کہ آپ کا موبائل فون سائلنٹ پر ہو یا آف ہو۔ اگر آپ کا فون سائلنٹ پر ہو تو براہ مہربانی یہ یقینی بنائیں کہ فون وائبریٹ نہیں کرے گا۔

مجھے عدالت میں کیا مدد ملے گی؟

یہ اس پر منحصر ہو گا کہ آپ کس عدالت میں ہیں۔ ممکن ہے عدالت میں ڈیوٹی لائر اور انٹرپریٹر موجود ہوں (اگر آپ نے پہلے سے عدالت کو اطلاع دی ہو کہ آپ کو انٹرپریٹر کی ضرورت ہے)۔

عدالت میں امدادی ورکر (عائلی تشدّد کی وجہ سے آرڈر کے درخواست گزاروں کی کارکن) بھی موجود ہوتی ہے جو آپ کو قانون کے علاوہ دوسرے معاملات میں مشورہ دے سکتی ہے۔

ممکن ہے آپ مدد کی خاطر کسی دوست یا رشتہ دار کو ساتھ لانا چاہیں۔

کیا مجھے عدالت میں انٹرپریٹر مل سکتا ہے؟

ہاں۔ اگر آپ کو انٹروینشن آرڈر کی درخواست کے سلسلے میں مدد کے لیے انٹرپریٹر کی ضرورت ہو تو عدالت کو پہلے سے فون کر دیں۔

آپ کو کورٹ رجسٹری کے عملے کو بھی بتانا چاہیے کہ آپ عدالتی ہیئرنگ کے لیے انٹرپریٹر لینا چاہتی ہیں۔

ہم آپ کی رائے کا خیرمقدم کرتے ہیں۔ اپنی رائے دینے یا شکایت کرنے کے لیے ہماری ویب سائیٹ دیکھیں:
womenslegal.org.au

women'slegal servicevictoria

PO Box 13311 Law Courts VIC 8010

فون 03 8622 0600 ای میل admin@womenslegal.org.au

Women's Legal Service Victoria قوم Kulin کے قبیلہ Wurundjeri کی روایتی دھرتی پر واقع ہے۔ ہم ایبوریجنل اور ٹورس سٹریٹ آئی لینڈر اقوام کے دھرتی، پانی اور کمیونٹی سے مسلسل رشتے کو تسلیم کرتے ہیں اور ان کے ماضی اور حال کے بزرگوں کو سلام پیش کرتے ہیں۔ آسٹریلیا کی اوّلین اقوام نے کبھی اپنی خودمختاری نہیں چھوڑی۔

Women's Legal Service محفوظ انداز میں سب خواتین کو مدد دینے کا عزم رکھتی ہے۔